© rasailojaraid.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| پونچا | پہنچا | اگنی | آگ |
| کنتو | کیوں کہ | پورن | پورا |
| مائی | ماں | مورتی | سورت |
| سمے | سماں | ست یا سانچ | سچ |
| دیش | دیس | کٹمب | کٹم (خاندان) |
| لکھشن | لچھن | اٹ | آٹا |
| پانیں | پانی | گھرت | گھی |
| دوہے | دہی | بھن بھن | بھانت بھانت |

اب چونکہ پورا ملک ایک تھا اور ہمیشہ آمد و رفت لگی رہتی تھی، اس لئے اس دہلوی ہندی میں سیکڑوں لفظ ہندوستان کے دوسرے صوبوں کی بولیوں سے آ کر رفتہ رفتہ رل مل گئے، خصوصاً پنجابی اور دکھنی لفظوں کی آمیزش زیادہ ہوئی۔

کہیں یہ ہوا ہے کہ فارسی اور ہندی دونوں کے ہم ہستی، لفظوں کو ایک جگہ کر کے بولنا شروع کیا تاکہ دونوں زبانوں کے الگ الگ جاننے والے ایک لفظ سے دوسرے لفظ کے معنی کو سمجھ لیں، جیسے دھن دولت، رنگ روپ، ڈھنگ، خاک دھول، کاغذ پتر، سوٹا تازہ، ہنسی مذاق، ہنسی خوشی، بھائی اور رشتہ ناتا، داغ دھبا، دکھ درد، صاف ستھرا، ریت رسم، کبھی فارسی لفظ میں ذرا ہندی پن پیدا کر دیتے ہیں، جیسے جن مجور یعنی مزدور، لونڈی باندی، (بندی، بندہ بمعنی غلام)

ان دونوں کو دو زبانوں کی جگہ ایک بھاشا بنانے کے لئے یہ چاہئے کہ دونوں کے لکھنے والے اپنی اپنی جگہ پر چند اصول سے ایک ساتھ بنالیں جن کو دونوں نباہ لے جائیں۔

☆......☆......☆

طلباء کی زندگی میں حیرت انگیز تبدیلی لانے کیلئے ترغیبی واقعات
راہِ علم کا مسافر
یعنی طالب علم
مجموعہ افادات
حکیم الامت مجدد الملت تھانوی رحمہ اللہ
حکیم الاسلام قاری محمد طیب صاحب رحمہ اللہ
شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا کاندھلوی رحمہ اللہ
سکول کالج کے طلبا کیلئے بالعموم اور مدارس دینیہ کے طلبا و طالبات کیلئے بالخصوص زادِ راہ کتاب جو انہیں زمانہ طالب علمی کی اہمیت کو اجاگر کر کے اپنے وقت کو قیمتی بنانے کی دعوت دیتی ہے... اکابر کے زمانہ طالب علمی کے حیرت انگیز واقعات... جن کا مطالعہ آپ کو بھی ایک مثالی طالب علم بنا سکتا ہے... راہ علم کے مبارک سفر کے تمام نشیب و فراز سے متعلق اہم مضامین سے مزین ایک ایسی کتاب جو آپ کو حقیقی علم سے روشناس کرا کر عمل کیلئے بے چین کر دے
یہ کتاب... اور ادارہ کی دیگر اصلاحی کتب... مدارس دینیہ میں تقسیم کرنے کیلئے... رعایت کے علاوہ ادارہ کی طرف سے خصوصی تعاون کیا جائیگا
اِدارہ تالیفاتِ اشرفیہ
0322-6180738 . 061-4519240



© rasailojaraid.com